پریس ریلیز

ریزروبینک آف انڈیا

ویب سائٹ:www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ:www.rbi.org.in
ای۔میل:helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئی-400001
فون:0502 2266 22 91 فیکس:22660358 22 91

08 ستمبر، 2017

آر بی آئی نے ''انڈین مرکنٹائل کوآپریٹیو بینک لمٹیڈ، لکھنؤ اتر پردیش'' کو جاری ہدایت میں توسیع کی

ریزروبینک آف انڈیا نے'' انڈین مرکنٹائل کوآپریٹیو بینک لمٹیڈ''، لکھنؤ اتر پردیش کو جاری ہدایت میں مزید 6 ماہ کے لئے 12 ستمبر 2017 سے 11 مارچ 2018 تک نظر ثانی کی شرط کے ساتھ توسیع کردی ہے۔ یہ بینک 12 جون 2014 سے پابندیوں کے تحت کام کررہا تھا۔ اور یہ پابندیاں آر بی آئی نے بیننگ ریگولیشن ایکٹ 1994 (اے اے سی ایس) کے سیکشن 53A کے سبب سیکشن (I) کے تحت عائد کی تھی۔

آر بی آئی کے ذریعہ مندرجہ بالا ہدایات میں ترمیمات کرتے ہوئے وقت وقت پر توسیع کی جاتی رہی ہے۔ آر بی آئی نے 30 جولائی 2014 کو 8 ستمبر 2014 کو 2 جون 2015 کو 7 ستمبر 2015 کو 19 اکتوبر 2015 کو 7 ستمبر 2015 کو 4 مارچ 2016 کو، 2 ستمبر 2016 کو، 25 نومبر 2016 کو اور 09 مارچ 2017 کو یہ آرڈر جاری کئے تھے۔ ان ہدایات کی ویلیڈٹی آخری بار 11 ستمبر 2017 تک بڑھائی گئی تھی اس میں مزید 06 ماہ کے لئے ریزروبینک سے اپنے 01 ستمبر 2017 کے ڈائریکٹو کے مطابق 12 ستمبر 2017 سے 11 مارچ 2018 تک نظر ثانی کی شرط کے ساتھ توسیع کردی ہے۔ عوام کی جانکاری کے لئے 01 ستمبر 2017 کے آر بی آئی کی ڈائریکٹیو میں ترمیمات کا مطلب یہ نہیں ہے کہ اس بینک کی مالی حالت میں کچھ سدھار ہوا ہے یا وہ مزید پستی میں جارہی ہے۔ ریزروبینک حالات کا جائزہ لیتے ہوئے اس بینک کو جاری ہدایات میں ترمیمات پر غور کرسکتا ہے۔

پریس ریلیز 683/2017-18

اجیت پرساد

اسسٹنٹ ایڈوائزر